PAKISTAN CUP
WOMEN'S CRICKET
TOURNAMENT
2023

پاکستان کپ ویمنز ایکروزہ ٹورنامنٹ، ڈائنامائٹس نے بلاسٹرز کو 9 وکٹوں سے ہرادیا۔غلام فاطمہ کی چار وکٹیں۔سدرہ امین کی نصف سنچری۔

کراچی، 23 مئی 2023:

ڈائنامائٹس نے پاکستان کپ ویمنز ایکروزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں بلاسٹرز کو 9 وکٹوں سے شکست دیدی۔

اسٹیٹ بینک گراؤنڈ میں کھیلے گئے میچ کی خاص بات ڈائنامائٹس کی غلام فاطمہ کی عمدہ بولنگ تھی جنھوں نے صرف 17 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔

بلاسٹرز کی ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 37 اوورز میں صرف 94 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔

بلاسٹرز کی طرف سے عائشہ ظفر نے سب سے زیادہ 37 رنز اسکور کیے جس میں سات چوکے شامل تھے۔صبا نذیر نے 27 رنز اسکور کیے۔

کپتان منیبہ علی سمیت چھ کھلاڑی صفر پر آؤٹ ہوئیں۔

اسپنر غلام فاطمہ نے آٹھ اوورز میں صرف 17 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔

عالیہ ریاض نے 19 رنز دے کر 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

ڈائنامائٹس نے 95 رنز کا ہدف 16.4 اوورز میں صرف ایک وکٹ کے نقصان پر حاصل کر لیا۔

کپتان سدرہ امین نے عمدہ بیٹنگ کرتے ہوئے 58 رنز کی اننگز کھیلی اور وہ ناٹ آؤٹ رہیں۔ ان کی اننگز میں 9 چوکے شامل تھے۔
بسمہ معروف 13 رنز پر ناٹ آؤٹ رہیں۔

آؤٹ ہونے والی بیٹر خدیجہ چشتی تھیں جو 11 رنز بنا سکیں۔

ٹورنامنٹ کا دوسرا میچ جمعرات کے روز بلاسٹرز اور چیلنجرز کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔

مختصر اسکور۔

بلاسٹرز۔ 94 رنز (37 اوورز) عائشہ ظفر 37۔ صباندیر 27۔ غلام فاطمہ 17 / 4 وکٹ۔ عالیہ ریاض 19 / 3 وکٹ۔

ڈائنامائٹس 95 رنز ایک کھلاڑی آؤٹ (16.4 اوورز) سدرہ امین 58 ناٹ آؤٹ ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial